وزارتِ امورِ کشمیر و گلگت بلتستان

از دفتر ایڈمنسٹریٹر جموں و کشمیر سٹیٹ پراپرٹی در پاکستان، لاہور

اطلاع عام برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ موضع سلطانپورہ و رحمانپورہ کا رقبہ وزارتِ امورِ کشمیر حکومتِ پاکستان کی ملکیت ہے جو مزارعین کو صرف کاشتکاری کے لیے لگان پر دیا ہوا ہے۔ اسکی زرعی حیثیت کو تبدیل کرنا یعنی قبضہ کرنا اس کی خرید و فروخت کرنا، اور اس رقبہ پر کسی بھی قسم کی تعمیر کرنا، مثلاً حویلی، دکان، مکان، یا ہاوسنگ سکیم کی ہرگز اجازت نہ ہے بلکہ ایسا کرنا قانوناً جرم ہے۔ سرکاری اراضی کی خرید و فروخت کرنے والا بھی اپنے نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ نیز دفتر کی اجازت کے بغیر موضع سلطانپورہ اور رحمانپورہ میں سرکاری رقبہ کی زرعی حیثیت کی تبدیلی یا نقصان پہنچانے کی صورت میں کھاتہ منسوخ کر کے پراپرٹی کا قبضہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔ اور اس رقبہ پر غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دی جائیں گی۔

المشتہر

ایڈمنسٹریٹر

دفتر ایڈمنسٹریٹر جموں و کشمیر سٹیٹ پراپرٹی در پاکستان، 10/A کشمیر روڈ، لاہور 5-042-99205884